**04.03.2025**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں محمد عمار

~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~

**Music**

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے ملک کی اقتصادی ترقی میں **MSME** شعبے کے یکسر تبدیلی لانے والے کردار کو اجاگر کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت خودکفیل بھارت کے ویژن کے ساتھ کام کررہی ہے۔

☆ مہاراشٹر کے خوراک اور شہری رسدات کے وزیر **Dhananjay Munde** نے اپنے عہدے سے استعفیٰ دے دیا ہے۔

☆ بامبے ہائی کورٹ نے **SEBI** کی سابق صدر نشیں **Madhabi Puri Buch** اور دیگر عہدیداروں کے خلاف خصوصی عدالت کے **FIR** آڈر پر روک لگا دی ہے۔

☆ بھارت نے اقوام متحدہ کے انسانی حقوق سے متعلق کونسل کے سربراہ **Volker Turk** کی جانب سے جموں و کشمیر اور منی پور پر کی گئی رائے زنی کو سختی کے ساتھ مسترد کردیا ہے۔ انہوں نے اِسے بے بنیاد قرار دیا ہے۔

☆ چین، کناڈا اور میکسیکو پر امریکی محصولات کا آج سے اطلاق ہوگیا ہے۔

☆ اور کرکٹ میں، دوبئ میں آج سہ پہر **ICC** چیمپئنز ٹرافی کے پہلے سیمی فائنل میں بھارت کا مقابلہ آسٹریلیا سے ہوگا۔

**Music**

اب خبریں تفصیل سے............

**PM Webinar**

وزیراعظم نریندر مودی نے آج کہا ہے کہ سرکار آتم نربھر بھارت کے وژن کے ساتھ کام کررہی ہے اور اُس نے اصلاحات کی رفتار کو تیز کردیا ہے۔ اُنہوں نے کہا کہ ملک میں پچھلے دس سال کے دوران اصلاحات، مالی نظم ونسق، شفافیت اور جامع ترقی کے تئیں لگاتار اپنے عزم کا اظہار کیا ہے۔

**(1305 PM On Budget)**

ترقی، مینوفیکچرنگ، برآمدات اور نیوکلیئر توانائی کے انجن کے طور پر بہت چھوٹی، چھوٹی اور درمیانہ درجے کی صنعتوں **MSMEs** سے متعلق ایک ویبینار سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ مستقل اور لگاتار اصلاحات کی یقین دہانی نے صنعت میں نیا اعتماد پیدا کیا ہے۔ش

**Byte-PM on 10 Year**

انہوں نے مزید کہا کہ سرکار کی کوششوں نے ملک کی معیشت پر ہونے والے کووڈ کے اثرات کو کم کردیا، جس سے بھارت کو ایک تیزی سے ترقی کرنے والی معیشت بننے میں مدد ملی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ دنیا بھر کے تمام ممالک بھارت کے ساتھ
~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~

اپنی تجارتی شراکت داری کو مستحکم کرنے کے خواہاں ہیں۔ معیشت میں **MSMEs** کی اہمیت کو اُجاگر کرتے ہوئے وزیراعظم نے کہاکہ **MSMEs** ملک کی اقتصادی ترقی میں یکسر تبدیلی لانے والا رول ادا کریں گی۔

**PM - Austria Chancellor**

وزیر اعظم نریندر مودی نے **Christian Stocker** کو آسٹریا کے فیڈرل چانسلر کے طور پر حلف دلائے جانے پر مبارکباد دی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب مودی نے کہا کہ بھارت اور آسٹریا کی ساجھیداری آنے والے برسوں میں مسلسل آگے بڑھے گی۔ وزیر اعظم نے کہا کہ وہ جناب **Stocker** کے ساتھ کام کرنے کے منتظر ہیں تا کہ دونوں ملکوں کے باہمی مفادات کے اشتراک کو اتنی بلندیوں پر لے جایا جاسکے، جس کی کوئی نظیر نہیں ملتی۔ **x**

**Rajnath - DRDO**

وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ نے کہا ہے کہ ہائبرڈ جنگی حربے ، سائبر اور خلاء پر مبنی رکاوٹ جیسے خطرے سکیورٹی نظام کیلئے چیلنج بن رہے ہیں۔ انہوں نے اِس بات کا ذکر کیا کہ پوری دنیا میں سلامتی کی صورتحال انتہائی پیچیدہ ہوگئی ہے۔ آج نئی دلّی میں داخلی سلامتی کیلئے جدید ٹیکنالوجی سے متعلق ایک سیمینار میں اظہارِ خیال کرتے ہوئے، جناب سنگھ نے کہا کہ جو علاقے اور خطے شورش پسندی ، بائیں بازو کی انتہا پسندی اور دہشت گردی سے متاثر ہیں، اُن کے اپنے الگ مسائل ہیں۔ انہوں نے اِن چیلنجوں کے بہتر حل کیلئے خصوصی شعبوں پر توجہ مرکوز کئے جانے پر زور دیا۔

**SB - Rajnath Singh**

**Maha - Minister Resignation**

مہاراشٹر کے خوراک ، شہری رسدات اور صارفین کے تحفظ کے وزیر **Dhananjay Munde** نے وزیر اعلیٰ دیویندر فڑنویس کو اپنا استعفیٰ پیش کردیا ہے۔ وِدھان بھون میں نامہ نگاروں سے بات چیت کرتے ہوئے، جناب فڑنویس نے بتایا کہ انہوں نے جناب مُنڈے کا استعفیٰ قبول کرلیا ہے اور اسے آگے کی کارروائی کیلئے گورنر سی پی رادھا کرشنن کے پاس بھیج دیا ہے۔ **Beed** ضلع میں **Massajog** گاؤں کے سرپنچ سنتوش دیشمکھ کے قتل میں، جناب **Dhananjay Munde** کے ایک قریبی ساتھی کے مبینہ ملوث ہونے کی بات واضح ہونے کی بعد انہوں نے اپنا استعفیٰ پیش کیا ہے۔ اپوزیشن پارٹیاں اور **BJP** کے ایم ایل اے سُریش **Dhas** ، جناب منڈے کے استعفے کی مانگ کررہے تھے۔ **x** **SIB**

**Uttarakhand Financial Assistance**

اتراکھنڈ حکومت نے مکھیہ منتری ایکل مہیلا سوروزگار یوجنا کی منظوری دی ہے، جس کا مقصد **2** لاکھ روپے تک کی مالی امداد فراہم کرکے غیرشادی شدہ، مطلقہ، بے سہارا، لاوارث اور اکیلی رہنے والی معذور خاتون کو بااختیار بنانا ہے۔ اِس اسکیم کے تحت سرکار کی جانب سے **75** فیصد رقم مالی امداد کے طور پر دی جائے گی، جبکہ مستفیدین کو اپنی طرف سے صرف **25** فیصد کے مالی تعاون کی ضرورت ہوگی۔ پہلے مرحلے میں حکومت کا مقصد کم سے کم دو ہزار خواتین کو مذکورہ اسکیم کا فائدہ پہنچانا ہے۔ اِسکیم کی پیش رفت کی بنیاد پر مستفیدین کی تعداد میں اضافہ کرنے کی گنجائش رکھی گئی ہے۔×

**Maha High Court Buch**

بامبے ہائی کورٹ نے آج کمپنیوں کی لسٹنگ کی دھوکہ دہی معاملے میں سیکورٹیز اینڈ ایکسچینج بورڈ آف انڈیا **SEBI** کی سابق چیئرپرسن **Madhabi Puri Buch** نیز **SEBI** اور بامبے اسٹاک ایکسچینج کے دیگر عہدیداران کے خلاف انسداد بدعنوانی کی ایک خصوصی عدالت کے **FIR** داخل کرنے کے حکم پر روک لگا دی ہے۔ خصوصی عدالت نے مہاراشٹر کے انسداد بدعنوانی بیورو کو مذکورہ معاملے میں **FIR** درج کرنے کا حکم دیا تھا۔ واحد جج جسٹس **S.G.Dighe** نے انہیں اِس کیس میں راحت دی۔ اِن لوگوں نے مذکورہ حکم کو چیلنج کرنے کیلئے ہائی کورٹ سے رجوع کیا تھا۔×

**N Arindam Bagchi**

بھارت نے جنیوا میں انسانی حقوق سے متعلق کونسل میں اقوام متحدہ کے انسانی حقوق شعبے کے سربراہ **Volker Turk** کے عالمی احوال میں کی گئی اُن کی رائے زنی کو سختی کے ساتھ مسترد کردیا ہے۔ جنیوا میں بھارت کے مستقل نمائندے اَرندم باگچی نے اقوام متحدہ میں اظہار خیال کرتے ہوئے اُن کے بیان کو یہ کہتے ہوئے بے بنیاد قرار دیا کہ اِس سے حقیقی صورتحال کی عکاسی نہیں ہوتی۔

انہوں نے جناب **Volker Turk** کی جانب سے کشمیر اور منی پور کا تذکرہ کیے جانے اور جموں وکشمیر کی جگہ کشمیر کہنے پر نکتہ چینی کی۔

**SB - 730 - Arindam Bagchi**

بھارت نے اقوام متحدہ رپورٹ میں اپنے فائدے کے اور اپنے مطلب کے معاملات کو اٹھائے جانے پر تشویش کا اظہار بھی کیا۔ جناب **Volker Turk** نے عالمی منظرنامے کے تعلق سے یوکرین اور غزہ سمیت مختلف عالمی تنازعہ کا تذکرہ کیا لیکن پاکستان کا ذکر نہیں کیا۔ **x**

**Odisha Kiit**

انسانی حقوق کے قومی کمیشن **NHRC** نے اوڈیشہ کے بھونیشور میں واقع کلنگا انسٹی ٹیوٹ آف انڈسٹریل ٹیکنالوجی **KIIT** یونیورسٹی میں ایک نیپالی طالبہ **Prakriti Lamsal** کی مبینہ خودکشی کے سلسلے میں جائے حادثے کی انکوائری کا حکم دیا ہے۔ معاملے کی حساسیت کو ملحوظ نظر کرتے ہوئے کمیشن نے تحقیقاتی ٹیم کے رجسٹرار برائے قانون اور دو دیگر آفیسروں کو ہدایت دی ہے کہ وہ یونیورسٹی انکوائری کیلئے جائیں اور اِس مہینے کی **10** تاریخ تک اپنی رپورٹ پیش کریں۔ نیپالی طالبہ کو یونیورسٹی میں مبینہ طور پر ہراسانی کا سامنا تھا اور یونیورسٹی انتظامیہ نے اُس کی شکایتوں پر کوئی توجہ نہیں دی، جس کے سبب پچھلے مہینے کی **16** تاریخ کی رات اُس نے خودکشی کرلی۔×

**NDRM Earthquake Workshop**

نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف **Disaster** مینجمنٹ اور آفات سے نمٹنے والی قومی اتھارٹی نے آج نئی دلّی میں زلزلے کے خطرے کو کم کرنے کیلئے صلاحیت سازی کے پروگرام پر ایک دن کی ورک شاپ کا اہتمام کیا ہے۔ اِس موقع پر ماہرین ، فیصلہ ساز اور متعلقہ فریقوں نے ملک بھر میں زلزلے سے متعلق تیاریوں کو بہتر بنانے اور اس سے ہونے والے نقصان کو کم کرنے کے بارے میں تبادلۂ خیال کیا۔**x**

**Trump Tarrif**

چین، میکسیکو اور کناڈا کی درآمدات پر عائد کردہ امریکی محصولات کا آج سے اطلاق ہوگیا ہے۔ امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ نے کناڈا اور میکسیکو کی درآمدات پر **20** فیصد، جبکہ چین کی درآمدات پر **20** فیصد محصولات عائد کرنے کا اعلان کیا تھا۔ اِس طرح چین کی درآمدات پر محصولات دوگنی ہوگئی ہے۔ دوسری طرف کناڈا نے کہا ہے کہ وہ اِس کے جواب میں **150** ارب ڈالر کی مالیت کے امریکی سازوسامان پر **25** فیصد محصولات عائد کرے گا۔ چین نے بھی جوابی کارروائی کرتے ہوئے امریکی کمپنیوں کو نشانہ بنا کر امریکی زرعی درآمدات پر **10** سے **15** فیصد محصولات عائد کرنے کا اعلان کیا ہے۔ اِس کے علاوہ میکسیکو نے بھی جوابی کارروائی کرنے کیلئے کہا ہے۔

جناب ٹرمپ نے کہا کہ درآمدات پر یہ ٹیکس کناڈا اور امریکہ کو غیرقانونی منشیات کی روک تھام اور ملک میں غیرقانونی طور پر داخل ہونے والے مائیگرینٹس کو روکنے کیلئے مزید کارروائی کرنے کیلئے مجبور کرے گا۔

**(1105 Donald Trump Tarrif)**

اِس دوران امریکی بازار میں گراوٹ درج کی گئی ہے، اسی طرح ایشیائی بازاروں میں بھی تجارتی جنگ کے امکان کے سبب پریشانی نظر آرہی ہے۔ تجارتی جنگ میں اضافہ ہونے کے امکان کے پیش نظر ماہرین نے خبردار کیا ہے کہ اِس سے امریکی صارفین کو اشیائے خوردنی، الیکٹرانکس اور آٹو موبائل سمیت مخصوص سازوسامان کی زیادہ قیمت کی ادائیگی کا سامنا کرنا پڑسکتا ہے۔×

**Day ICC - Champions Trophy**

**ICC** چمپئن ٹرافی کرکٹ میں آج دوبئی میں بھارت اور آسٹریلیا کے درمیان پہلا سیمی فائنل میچ کھیلا جائے گا۔ یہ میچ بھارتی وقت کے مطابق سہ پہر ڈھائی بجے سے کھیلا جائے گا۔

بھارت نے اس ٹورنامنٹ میں اچھی کارکردگی کا مظاہرہ کیا ہے اور بنگلہ دیش، پاکستان اور نیوزی لینڈ پر جیت حاصل کی۔ بھارت گروپ-**A** میں سرفہرست ہے۔ بھارتی ٹیم کی گیند بازی اس ٹورنامنٹ میں مضبوط رہی ہے اور بھارتی اِسپن گیند بازوں نے، اس بات کو ثابت کیا کہ ٹیم میں ان کی موجودگی سے ٹیم کو فائدہ ہوا ہے۔

ٹورنامنٹ کے دوسرے سیمی فائنل میں کل لاہور میں نیوزی لینڈ کا مقابلہ گروپ بی کے فاتح جنوبی افریقہ سے ہوگا۔

**ICC** چمپئن ٹرافی کا فائنل میچ اتوار کو کھیلا جائے گا۔×

☆☆☆